الغرض مصنف نے ماں کا ذکر اس خلوص اور اخلاص سے کیا ہے کہ پڑھنے والے کی آنکھیں تر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتیں۔ اگر اس کی ماں زندہ ہے تو وہ محبت و پیار کے ساتھ ماں کے ہاتھ چوم لے گا اور اگر ماں فوت ہو چکی ہے تو اللہ کے حضور ماں کی بخشش کے لئے اس کے ہاتھ اٹھ جائیں گے۔

(۲)

نام کتاب : اربعین تجوید و قراءت

مرتب : پروفیسر ڈاکٹر قاری محمد طاہر

ضخامت: 96 صفحات ۔ قیمت : درج نہیں

ملنے کا پتہ: مکتبہ التجوید 8-W-12 مدینہ ٹاؤن' فیصل آباد

یہ کتاب بقامت کہتر و بقیمت بہتر کا صحیح مصداق ہے۔ دیکھنے میں تو مختصر سی ہے مگر موضوع کے اعتبار سے بہت اہم ہے۔ اس کتاب میں تجوید و قراءت سے متعلق چالیس احادیث درج ہیں جو قابل قدر معلومات پر مشتمل ہیں۔ قرآن مجید سات مختلف قراءات میں نازل ہوا۔ ان میں سے ہر قراءت میں تلاوت کی اجازت ہے۔ پھر اس بات کا علم ہونا بہت ضروری ہے کہ قراءات کے اختلاف سے معانی اور مفہوم نہیں بدلتے بلکہ بات زیادہ واضح ہو جاتی ہے۔

چونکہ قراءات کے اس اختلاف کا علم لازم نہیں ہے اس لئے عوام الناس تو اس سے بالکل واقف نہیں۔ حافظ اور قاری حضرات کی بھی انتہائی قلیل تعداد مختلف قراءات سے باخبر ہے۔ اسی لئے فقہائے کرام نے خبردار کیا ہے کہ مختلف قراءات میں قرآن کی تلاوت عوام الناس کے سامنے نہ کی جائے تا کہ لوگ بلاوجہ قرآن کریم کے بارے میں کسی تشویش میں مبتلا نہ ہوں۔

تجوید و قراءت کے بارے میں یہ مختصر کتابچہ ہر حافظ' قاری' امام اور خطیب کے زیر مطالعہ ہونا چاہئے تا کہ وہ اختلاف قراءات کے بارے میں صحیح معلومات رکھ سکے۔ نیز عوام الناس بھی اس کو پڑھیں تا کہ انہیں معلوم ہو کہ قراءات کا یہ اختلاف کوئی بعد کی چیز نہیں' بلکہ خود رسول اللہ ﷺ نے ہر قراءت میں قرآن مجید پڑھنے کی اجازت دی ہے اور یہ مختلف قراءات بھی منزل من اللہ ہیں۔ کتاب کا ٹائٹل سادہ مگر باوقار ہے۔ جلد کارڈ بورڈ کی ہے۔